ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نیلو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | اتوار 24 ربیع الاول 1446ھ 29 ستمبر 2024ء صفحات 24 | شمارہ 91
PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے

DRAP Enlistment # 6-30873 7-03730323
صرف قوت سیاہ نہیں ... بلکہ قوت سیاہ + ملتی

راولپنڈی میں پی ٹی آئی کا احتجاج، پولیس کی شیلنگ اور جنوں کا رکن گرفتار، گنڈاپور احتجاج ترک کرکے واپس چلے گئے

پی ٹی آئی کارکنوں اور پولیس میں جھڑپیں، علاقہ میدان جنگ بن گیا، شدید شیلنگ کے باعث گنڈاپور بریان انٹرچینج پر گاڑی سے نہیں، مشتعل کارکنوں کا پولیس پر پتھراؤ

کارکنوں کا احتجاج کی اجازت نہ ملنے پر ہرنا، مرکزی رہنما، سواتی کی اپیل پر منتشر ہوگئے، ہمیں سڑکوں پر نکال کر خود واپس جا رہے ہیں، استعفیٰ دیں، کارکنوں کی نعرے بازی

مظاہرین کو منتشر کرنے کیلئے شیلنگ، متعدد کارکن زخمی درجنوں کو گرفتار کرلیا گیا، بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم کچھ دیر حراست میں رہنے کے بعد رہا، داخلی و خارجی راستے سیل رہے

شہر کے علاقوں مریڑ چوک چائنا مارکیٹ پر پی ٹی آئی کارکن جمع ہوئے تو پولیس ان مقامات سے پسپا ہوگئی، مری روڈ کمیٹی چوک پر پی ٹی آئی کارکنوں کو پولیس نے پسپا کردیا

پی ٹی آئی کا حکم تھا بہرصورت احتجاج ریکارڈ کرانا ہے، راولپنڈی میں وقت ختم ہے، بیرسٹر گوہر سے بات ہوئی احتجاج کا وقت ختم ہوا تو اب یہیں احتجاج کریں گے، علی امین گنڈاپور

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر پی ٹی آئی نے راولپنڈی میں احتجاج کیا، پولیس نے کنٹینر لگا کر راستے بند کیے رکھے، پولیس، کارکنوں کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں، تصادم میں متعدد کارکن زخمی ہوگئے، کئی کو گرفتار کرلیا گیا، مظاہرین کو منتشر کرنے کیلئے شیلنگ کی، پولیس نے شدید گرمی، سلمان اکرم، رہنما قوتوں میں لنگر پھوٹ پڑے، مرکزی رہنما، گنڈاپور، اڈیالہ جیل خیبر چنگوتھوالی علی امین گنڈاپور نے بریان انٹرچینج سے

چاند روانگی کا اعلان کیا تو کارکنوں نے گاڑی گھیر لی، کارکنوں کے گاڑی گھیرے سے نکلنا احتجاج کرتے ہوئے واپس جانے سے انکار کردیا، مرکزی رہنما علی امین گنڈاپور نے کارکنوں سے مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کا یہی حکم ہے..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف امریکی صدر جوبائیڈن اور خاتون اول کاملا ہیرس کے بعد گروپ فوٹو

پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ، 7 مزدور جاں بحق ایک شدید زخمی

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی شدید مذمت

خدا آباد میں مسلح افراد بگھر میں گھس کر فائرنگ کرکے پنجاب سے تعلق رکھنے والے مزدوروں کو نشانہ بنایا، ایک زخمی ہسپتال منتقل جاں بحق ہونے والوں میں ساجد شفیق، وفایش، افتخار، خالد، سلمان، اللہ وسایا شامل، زخمی مزدور کی شناخت بلال کے نام ہوئی

پنجگور میں فائرنگ کا واقعہ انتہائی قابل مذمت، ہم چن چن کر بے گناہ پاکستانیوں کے قتل کا حساب لیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان کے علاقے پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ، 7 مزدور جاں بحق ایک شدید زخمی ہوگئے ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے خدا آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 7 مزدوروں کو ہلاک کردیا۔ یہ مزدور پنجاب کے مختلف علاقوں..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، انٹرچینج کے قریب پولیس پی ٹی آئی کے کارکنوں پر آنسو گیس کی شیلنگ کر رہی ہے

سانحہ 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ ٹیکنیکٹ ورک کا ماسٹر مائنڈ قربانی دینا ہوگی، شہباز شریف

آرمی چیف نے آئی ایم ایف پروگرام رلوانے میں اہم کردار ادا کیا، برادر ممالک سعودی عرب، یو اے ای، چین کا تعاون قابل تحسین ہے

پی ٹی آئی حکومت نے پاک چین تعلقات تباہ اور امارات کو مایوس کیا، جنرل اسمبلی میں خطاب کرکے پاکستانی عوام کا اوورسیز پاکستانی پہنچائی

پرورام رلوانے میں اہم کردار ادا کیا، پی ٹی آئی حکومت نے پاک چین تعلقات تباہ اور امارات کو مایوس کیا، جنرل اسمبلی میں خطاب کرکے پاکستانی عوام کی آواز دنیا تک پہنچائی، اقتدار میں

لندن (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے سانحہ 9 مئی ناقابل معافی گناہ، اخوانج پاکستان اور شہدا کے خلاف سوشل میڈیا پر چلنے والی مہم قومی مذمت ہے، آرمی چیف نے آئی ایم ایف پر کام کرکے پاکستان کو مدد کی، برادر ممالک سعودی عرب، یو اے ای، چین کا تعاون قابل تحسین ہے، پی ٹی آئی حکومت نے پاک چین تعلقات تباہ اور امارات کو مایوس کیا، جنرل اسمبلی میں خطاب کرکے پاکستانی عوام کی آواز دنیا تک پہنچائی..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بمباری میں حزب اللہ کے متعدد اہم کمانڈر حسن نصر اللہ کی بیٹی سمیت خاندان کے کئی افراد شہید، سینئر رہنما نعیم قاسم کو حزب اللہ کا عبوری سربراہ مقرر کردیا گیا، لبنان، ایران و عراق میں سوگ، جوابی کارروائی کا اعلان

لبنان پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری

حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ پاسداران انقلاب کے کمانڈر عباس نیلفروشان سمیت درجنوں شہید

حزب اللہ نے بھی حسن نصر اللہ کی شہادت کی تصدیق کردی، اسرائیل کے خلاف جنگ جاری رکھنے کا اعلان، اسرائیل کی جانب سے فضائی حملوں کا سلسلہ 5 گھنٹوں تک جاری رہا، بیروت کے جنوبی ضاحیات و دیگر علاقوں پر فضائی حملے کئے گئے

جب تک حزب اللہ جنگ کا راستہ منتخب کرتی ہے حملے جاری رکھیں گے، اسرائیلی وزیراعظم، اسرائیل تہران کی سرخ لکیریں عبور کر رہا ہے اور صورتحال سنگین ہوتی جارہی ہے، حزب اللہ کے پاس قائدانہ صلاحیت کی کمی نہیں، ایران، لبنان، عراق کے کمانڈرز

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کو سخت حفاظتی اقدامات کے ساتھ محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا، ایرانی سپریم لیڈر نے نیشنل سیکورٹی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلالیا 1981 کی طرح حکام لبنان میں لڑنے کی اجازت دیں گے، ایرانی نائب عالمی امور حسن اختری

بیروت پر اسرائیل کے تازہ حملوں میں امریکی فراہم کردہ 5 ہزار پاؤنڈ کے بنکر بسٹر بم استعمال کیے گئے، ایرانی کمانڈر نے اسرائیل کے ساتھ امریکا کو بھی برابر کا شراکت دار ٹھہرا دیا، امریکا کو بیروت حملے کا کوئی علم نہیں تھا، نہ حملے میں کوئی شراکت تھی، امریکی صدر

اسرائیل کی فلسطین کے بعد غزہ میں جاری کارروائیوں کے بعد مشرق وسطیٰ میں جنگ کے بادل مزید گہرے ہوگئے، اسرائیل کی جانب سے درجنوں میزائل داغے گئے 6 عمارتیں مکمل تباہ، 8 افراد شہید اور 91 زخمی ہوئے، مجموعی اموات 700 ہوگئیں

اسرائیلی بمباری میں حزب اللہ کے شہید ہونے والے سربراہ حسن نصر اللہ کا پوسٹر مرکزی چوک پر آویزاں کیا جارہا ہے

بیروت احتیوقہ بیت المقدس تہران (این این آئی) اسرائیل نے بیروت حملوں میں ایران کی حمایت یافتہ لبنانی تنظیم حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کی شہادت، ایران سمیت پورے خطے میں آگ لگنے والی ہے (تجزیہ کار)

اسرائیل دہشت گردی کی طرح ذہنیت کا مظاہرہ، ثبوت پیش کرنے والوں کے مکمل تحفظ دے رہی ہے

برترین بربریت پر مسلمہ دنیا کا رد عمل، زبانی صرف خرچ نہیں کیے جارہے، عالمی ضمیر مردہ ہو چکا، شرکت برابر ذمہ دار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران الاخباری، وفاقی بوجھتی ہیں جب اس کی پشت پناہی کرنے والی بڑی طاقتیں ایجاد چاہیں، انہوں نے اسرائیل کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے جس کے نتیجے میں دو دہشت ناکی..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کہا ہے پاکستان میں صوفی اجتماعی کی خوش آئند واپسی ہوئی اور..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

آرمی چیف نے تاجر برادری کو ایس آئی ایف سی کیساتھ ملکر کام کرنے کی دعوت دیدی

ایک سال پہلے کہا تھا مایوسی گناہ ہے، معاشرے میں مایوسی پیدا کرنے کی ناکام کوششوں کو اجتماعی کاوشوں سے شکست دی

مغربی سرحد پر سکنگ پر قابو پانے سے معیشت پر مثبت اثرات مرتب، غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائی کیلئے پرعزم ہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے تاجر برادری کو ملکی معیشت کی ترقی میں کردار ادا کرنے اور ایس آئی ایف سی کیساتھ مل کر کام کرنے کی دعوت دے دی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے دورہ کراچی کے دوران تاجر برادری سے ملاقات کی، ہم امور نیز بحث آئے، جنرل سید عاصم منیر کے ایک سال پہلے آپ سب لوگوں سے کہا تھا یوں مت ہوں، مایوسی گناہ ہے..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سرفراز ڈوگی کی وفات، خالی نشست پر انتخابات 14 نومبر کو ہوں گے

2 اکتوبر سے 4 اکتوبر تک امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کرواسکیں گے

5 اکتوبر کو امیدواروں کے ناموں کی اشاعت کی جائے گی، الیکشن کمیشن

کوئٹہ (اے این این) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سردار سرفراز ڈوگی کی وفات کے بعد خالی ہونے والی بلوچستان اسمبلی کی نشست پی بی 8 پر 14 نومبر کو ضمنی انتخاب کرانے کا اعلان کردیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق 30 ستمبر کو ریٹرننگ آفیسر پبلک نوٹس جاری کریں گے 2 تا 4 اکتوبر تک امیدوار کاغذات نامزدگی..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی: زہرا علی کے پی ایل این کنڈیرا کاؤنٹی کی چھت پر پتنگ اڑانے میں شرکت کیلئے جارہے ہیں

پاکستان میں ترقی دوبارہ شروع ہوگئی، آئی ایم ایف مشن چیف

بورڈ میٹنگ کی شرح مستحکم، غیر ملکی ذخائر بڑھنا، پشت پناہی کرنے والے ہی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) مشن کے سربراہ نیتھن پورٹر نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام کی خوش آئند واپسی ہوئی اور..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی 31 اکتوبر کو ہوگی، عثمان اختر باجوہ

بولی لگانے والے اپنے اب ایسے کنسورشیم میں کوئی تبدیلی نہیں کرسکتے، ذرائع نجکاری کمیشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہمارے ہے پتنے والی پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کا ریٹائرڈ لوٹنے (پی آئی اے ایس ایل) کی بولی لگانے کے لیے مس بکاؤں کا..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی کمیٹی کے اندر وقف اور اوقاف عوامی طاقت سے کسی بھی غیر آئینی اقدام کو روکیں گے، رحمن

میری شوریٰ نے کہا حکومت کیا تھی جانا، آئینی ترامیم کو مسترد کر دے، کسی ایکسٹینشن کو نہیں مانتا نہ کسی ادارے کے سربراہ کو ایکسٹینشن دینے دوں گے

کنفیڈریشن اتحادی بجوڑ آئینی ترامیم پر اپوزیشن کی طرف سے اپنا الگ مسودہ تیار کیا جائیگا، پی ٹی آئی وفد کیساتھ ملاقات میں فیصلہ، اندوری کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام فضل الرحمن نے فیصلہ کیا ہے حکومتی اتحادی بجوڑ آئینی ترامیم پر اپوزیشن کی طرف سے اپنا الگ مسودہ تیار کیا جائیگا، جمعیت علماء اسلام اور تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے اجلاس کے دوران ہونے والے تبادلہ خیال کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، ذرائع کے مطابق فضل الرحمن نے اپوزیشن کی جانب سے..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی کا آج ملک گیر شاہراہوں پر دھرنے دینے کا اعلان

ملک بھر میں حزب اللہ کے رہنما حسن نصر اللہ شہید کی غائبانہ نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر آج پورے ملک میں شاہراہوں پر دھرنے دیئے جائیں گے، مظاہرے اور ریلیاں نکالی..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

تمپ اور ژوب میں دھماکے، کوئٹہ میں فائرنگ، بی این پی کا رہنما جاں بحق، واقعات میں 3 ہلاک

بلوچستان کے علاقے تمپ میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کے نتیجے میں گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، جانی نقصان نہیں ہوا

بی این پی کے رہنما، آغا خالد شاہ پرکلی جیو کے قریب فائرنگ سے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے

ژوب میں نامعلوم افراد نے ٹین کے ڈبے میں پٹاخہ نما بارود اور چین کے ٹکڑے ڈال کر تفریح پر رکھا جو دھماکے سے پھٹ گیا

کوئٹہ، اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نیوز ایکسچینیاں) تمپ اور ژوب میں دھماکے، کوئٹہ میں فائرنگ، بی این پی کا رہنما جاں بحق، واقعات میں 3 ہلاک ہوگئے بلوچستان کے علاقے تمپ میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کے نتیجے میں گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، تمپ کوئی جانی نقصان نہیں..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

وسائل بہتر بنا کر ہم صوبے کی پیداوار ترقی ممکن بنا سکتے ہیں، گورنر بلوچستان

وزیراعظم وسائل، جغرافی معدنیات سے مضبوط بلیو اکانومی تک، بے پناہ صلاحیتوں کا حامل ہے، جعفر خان مندوخیل

ہمیں اپنے انسانی وسائل اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے، ہمارے لوگ ہی ہمارا اثاثہ ہیں، آکسفورڈ اومنائے کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب

سائنٹیفک سوچ و اپروچ کے بغیر ہمارے قدرتی وسائل بے کار رہیں گے، تقریب میں صوبوں اور وزیر زبیدہ جلال بھی شریک تھے

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آکسفورڈ اومنائے کی جانب سے منعقدہ پیشل ڈائیلاگ میں "پاکستان کی قدرتی دولت اور سمندری کی انڈسٹریز" کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کرم، جھڑپوں میں 50 افراد کی ہلاکت کے بعد سیز فائر

راستے تعلیمی ادارے بدستور بند، گورنر محمد یرانی کے خاندان سے فرسٹریشن، پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے قابو پایا

لڑائی جھگڑوں سے تنگ، برداری کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوتا، مرکزی اسمبلی عید حسین کی عوام سے اپیل

کرم (بیورو رپورٹ) جھڑپوں میں 50 افراد کی ہلاکت اور 120 افراد زخمی ہونے کے بعد قبائل کے درمیان سیز فائر پر عمل درآمد کی خبر ضلع کرم کے علاقہ پاراچنار میں سیز فائر کیا گیا، ڈپٹی کمشنر ضلع کرم جاوید محسود کے مطابق ضلع کے قدیم ساتھ اس میں قبائل کے مابین بھرپور کوشش کی جارہی ہے، جوار، تنگی، سنج، بھیڑی، مقبل اور پاڑہ چنار کے علاقوں میں ہمارے مشیران، بزرگ قبیلوں کے خاندان کے درمیان سیز فائر کروایا گیا..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں بگڑتی صورتحال پر فوری اقدامات کیے جائیں، ایچ آر سی پی

خاندان ہے گھر، موبائل ہر موڑ، سکولوں، ہسپتالوں اور بازاروں تک رسائی حقوق ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) کیپر کنٹرول میں ضلع ہان شدت پسندی کا خاتمہ ہو اور لوگوں کے حق زندگی کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) نے صوبائی حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ سماجی کا تحفظ کیا جاسکے، پولیس کے مطابق صرف گزشتہ ہفتے میں سوات میں سلافتی قافلے پر ہونے والے..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

آرٹیکل 63 اے پر فیصلہ کالعدم قرار دینے سے فلور کراسنگ کی راہ ہموار ہوگی، عمران خان

پی ٹی آئی کو مخصوص نشستوں سے محروم کیا گیا، 8 ججوں نے وضاحت کی پارٹی کے انتخابی نشان پر الیکشن کمیشن کا فیصلہ متعصبانہ تھا

حکمران اشرافیہ اقتدار میں رہنے کیلئے قانون کی حکمرانی اور جمہوریت پر سمجھوتہ کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی کی سماعتوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی سربراہ اور سابق وزیراعظم عمران خان نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ سپریم کورٹ کے آرٹیکل 63 اے پر فیصلے کو کالعدم قرار دینے سے فلور کراسنگ کی راہ ہموار کر سکتی ہے، سماعتوں سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا عمران اشرافیہ اقتدار میں رہنے کیلئے قانون کی حکمرانی اور جمہوریت پر..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اہم مقدمات جلد سماعت کیلئے مقرر ہونے چاہئیں، سپریم کورٹ

کیلئی کا اجلاس جسٹس منصور علی شاہ کی عدم دستیابی کے باعث 22 ستمبر کو نہ ہوسکا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ پرنسپل اینڈ پریکٹیکل اجلاس کے ملتوی کیا جاری کردیے گئے، مقدمات کی سماعت کیلئے 9 الارج تشکیل..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعظم کا سزا کیخلاف اپیل کا فیصلہ آج سنایا جائیگا

سپریم کورٹ کے 5 رکنی بینچ کا فیصلہ سنانے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے 5 رکنی بینچ کا فیصلہ سنانے کا فیصلہ کیا ہے، سابق وزیراعظم عمران خان کی سزا کیخلاف اپیل کا فیصلہ آج سنایا جائیگا، سپریم کورٹ کے 5 رکنی بینچ کا فیصلہ سنانے کا فیصلہ کیا ہے..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بیروت، اسرائیل کی وحشیانہ بمباری کے بعد ہونے والی رہائشی عمارتوں سے دھواں اٹھ رہا ہے

ڈاکٹر شاہنواز قتل کیس، ڈی آئی جی سمیت دیگر کیخلاف مقدمہ درج

مقدمہ دہشتگردی ایکٹ کے تحت درج کیا گیا، پولیس کیمرے میں قتل و دیگر واقعات بھی شامل

محمود (بیورو رپورٹ) محمود کے بیٹے کے کا مقدمہ درج کرلیا گیا، مقدمہ ڈی آئی جی مقابلے میں مارے جانے والے ڈاکٹر شاہنواز جاوید جعفری..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو امن و امان، ماحولیاتی تبدیلی، گورننس کے چیلنجز کا سامنا ہے، سرفراز بگٹی

سوشل میڈیا کے گمراہ کن پروپیگنڈوں کے ذریعے ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج پیدا ہم انہیں تعلیم، ترقی دینا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان سے متعلق پائے جانے والے عمومی تاثر کو بکھرتی ہیں، دونوں پہلوؤں سے دیکھنے کی ضرورت ہے، گورنر ہاؤس میں منعقدہ تقریب سے ویڈیو لنک خطاب

چینی، ٹیک نیتی سے کی گئی معیاری ریورٹنگ سے صحافت کا معیار بھی برقرار رہتا ہے خبروں کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی کابینہ تحلیل، 6 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل

بلاول بھٹو زرداری کے پولیٹیکل سیکرٹری جمیل سومرو نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی کابینہ تحلیل کرنے کے بعد 6 رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے جبکہ نواب ثناء اللہ زہری کی سربراہی میں 6 رکنی ریٹرننگ کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے جس کے سیکرٹری سینیٹر ساجد بلوچ جبکہ میر محمد صادق عمرانی ممبر..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

مشرقی کمیٹی کا سفر سبزی فروش کمیٹی کا سربراہ بننا قدرت کی جدوجہد عبارت ہے

حسن نصر اللہ 1960 میں پیدا ہوئے، اہل ملیشیا کے بعد حزب اللہ میں آئے، 32 سال کی عمر میں کمان سنبھالی

اسرائیل کیخلاف کئی معرکے آرائیوں کی بدولت ہیرو کا درجہ ملا، عباس الموسوی نے قائدانہ تربیت میں کلیدی کردار ادا کیا

بیروت (بیورو رپورٹ) حزب اللہ شہید کے سربراہ حسن نصر اللہ کا..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

فیصل کریم کنڈی نے گنڈاپور کو گورنر ہاؤس کے دورے کی دعوت دیدی

صوبے کے وسائل کی تقسیم کیلئے وفاق سے بات کرنا ضروری ہے، وزیراعلیٰ وسیاسی قائدین کو مکمل

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو گورنر ہاؤس کے دورے کی دعوت دے دی، فیصل کریم کنڈی نے سیاسی ہم آہنگی..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، آصف زرداری

صدر مملکت کی کراچی میں ڈی کمشنر ذاکر بلوچ شہید کے گھر آمد، اظہار تعزیت کیا

کوئٹہ (این این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری کی کراچی میں ڈی کمشنر ذاکر بلوچ شہید کے گھر آمد، اظہار تعزیت، بلوچ شہید کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت، شہید کے لئے..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

حسن نصر اللہ کے اکاؤنٹ سے متعدد ٹوئٹ جاری، آخری الفاظ کیا تھے؟

بیروت (بیورو رپورٹ) حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کے اکاؤنٹ سے متعدد ٹوئٹس جاری..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی ہدایت، وہاں وزیر صحت کی جانب سے ڈی آر ٹی کی عیادت

کراچی (ن ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ ڈکاکاڑ وقوم کی لاقانی شناخت ہے حکومت بلوچستان ڈکاکاڑ کی فلاح بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی، اظہار کیا ہے کہ ڈکاکاڑ کی خدمات کو..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹیلیٹی سٹورز کا ریورپشن نے 170 سے زائد اشیاء سستی کردیں

قیمتوں میں 10 سے لیکر 190 روپے تک کم کی گئی، ترجمان پیٹیلیٹی سٹورز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن نے 170 سے زائد اشیاء کی قیمتوں میں کمی کردی، ترجمان پیٹیلیٹی سٹورز کے مطابق پیٹیلیٹی سٹورز 170 سے..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا سیلاب زدگان کیلئے 5 ارب روپے کا اعلان

وزیراعظم کی ہدایت پر وفاقی وزیر کا دورہ، سیلاب زدگان کیلئے 5 ارب روپے کا اعلان

وزیراعظم کی ہدایت پر وفاقی وزیر کا دورہ، سیلاب زدگان کیلئے 5 ارب روپے کا اعلان

حکومت عوام کی امنگوں کے عین مطابق دن رات کام کر رہی ہے، سید آل ناصر

موجودہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے حوالے سے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

کوئٹہ (این این اے) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید آل خان نے بلوچستان کابینہ کے ارکان کی ملاقات کے بعد میڈیا کے ارکان سے میں وزیر یونیورسٹیز عاصم کرنگیلو، ملنے والے ارکان میں وزیر زبیدہ جلال بھی شریک تھے

افغان سرزمین دہشتگردی پھیلانے کیلئے استعمال ہورہی ہے، خواجہ آصف

اقوام متحدہ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر پر اپنی قرارداد پر عملدرآمد کرے

پارلیمنٹ قانون سازی کا بڑا ادارہ، عوام کو جلد انصاف کی فراہمی کیلئے اصلاحات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (زاہد اعظم خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ افغان سرزمین دہشتگردی کا مسئلہ ہے، ذرائع..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں ملٹری ہیلی کاپٹر تباہ، 6 افراد ہلاک، 8 زخمی

ایم آئی 8 ہیلی کاپٹر میں تین غیر ملکی روسی پائلٹس اور کریو سمیت 14 مسافر سوار تھے، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا

ہیلی کاپٹر آئل فیلڈ کے نزدیک اڑان بھرتے ہی انجن فیل ہونے سے کریش کر گیا، تخریب کاری کے شواہد نہیں ملے

میرانشاہ (این این) شمالی وزیرستان میں ملٹری بیڈ پر کمپنی کا چارٹرڈ ہیلی کاپٹر شیوٹ آئل فیلڈ کے نزدیک اڑان بھرتے ہی تکنیکی خرابی کے وجہ سے کریش کرگیا، ایم آئی 8 ہیلی کاپٹر میں تین غیر ملکی روسی پائلٹس اور کریو سمیت 14 مسافر سوار تھے، زخمیوں کو..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ہر سرپاب میں چوری و ڈکیتی کے واقعات میں اضافہ، عوام کا پولیس سے اعتماد اٹھنے لگا

چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کی بڑھتی ہوئی وارداتوں میں اضافہ، پولیس کی ناکامی، مجرموں کو کھلی چھوٹ، شہریوں کی فریاد بے اثر

چوروں کے ساتھ مزاحمت کے نتیجے میں زخمی اور جانوں کا نقصان ہوا ہے، عوامی حلقوں کا آئی جی بلوچستان اور وزیراعلیٰ سے کارروائی کا مطالبہ

قومی طور پر سرپاب تھانے اور چیکی بیگ تھانے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور ان کی اصلاح کی جائے، شہریوں کی اعلیٰ حکام سے اپیل

کوئٹہ (مشرق رپورٹ) کوئٹہ کے علاقہ سرپاب میں جرائم کی لہر مسلسل بڑھتی جا رہی ہے اور پولیس کی ناکامی عوام کے لیے کھلا کردار بنا رہی ہے۔ سرپاب میں چیک پوسٹ تھانہ کی حدود میں چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات روز کا معمول بن چکے ہیں، جس سے شہری شدید پریشان ہیں۔ سرپاب کے علاقے جمعہ ہوٹل، وڈیرا گریڈ شکنوانی، بلوچستان یونیورسٹی، بلوچستان ایگریکلچر یونیورسٹی کے علاوہ مین ایریا کی حدود میں آتے ہیں، جبکہ لمرانی روڈ، ویٹنر پوسٹ، چیکی بیگ اور چیکی میاں خان چکی کے علاقے کی حدود میں بھی چوری کے واقعات رونما ہوئے ہیں۔ ان واقعات کے دوران کئی قیمتی جانیں بھی ضائع ہو چکی ہیں، جس سے علاقہ مکین خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چوروں کی ڈکیتی کے دوران مزاحمت کے نتیجے میں زخمی اور جانوں کا نقصان ہوا ہے، عوامی حلقوں کا آئی جی بلوچستان اور وزیراعلیٰ سے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگ چکا ہے، جبکہ شہری افراد قومی طور پر سرپاب تھانے اور چیکی بیگ تھانے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور ان کی اصلاح کی جائے۔ عوام کا کہنا ہے کہ اگر پولیس کی موجودہ صورت برقرار رہی تو عوام کی جان و مال کا تحفظ کیسے ممکن ہوگا؟ انہوں نے کہا ہے کہ جرائم پیشہ افراد کی زندگی گزارنا بڑی بے خوفی سے اور یہ سلسلہ کسی طرح قابل تحمل نہیں کیا جا سکتا۔

پنڈی میں پنجاب حکومت کی بدحواسی قابل مذمت ہے، رحیم کاڑ

تحریک انصاف کے ورکروں، کارکنوں پر شیلنگ اور فائرنگ سے کیا ثابت ہوتا ہے

کوئٹہ (ایاز ایس ایم) تحریک انصاف کے گزشتہ روز پنڈی کے پرامن جلسے میں پنجاب حکومت نے تاریخ کی بدترین دہشت گردی کی ہے۔ پنڈی کے پی کے ہلوں پر فائرنگ، شیلنگ اور پولیس گردی کی بھرپور مذمت کرتے ہیں تحریک انصاف کے رہنما اس کی تفتیش وہ جب تک حکومت پنجاب اور اعلیٰ کے آقاؤں کی تحریک انصاف کیساتھ تاریخ کی شدید مذمت کی ہے اب اس ملک میں کونسا ادارہ باقی بچا ہے جس سے مدد مانگی جائے۔ یہاں سب تحریک انصاف کے کنٹاکٹ میں دن رات لگے ہیں آج پنجاب حکومت اور اگر حکومت میں کوئی فرق ہے تو ہمیں کچھ دکھائی دیں۔

شیلنگ پارٹی سینڈل ایکٹ کیونکہ کیمرے کی مجرمانہ کارکردگی ہے، ہمارے اپنے حلقے میں ٹرانسفارمر سے بات چیت کر رہے ہیں

پاک پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کا احتجاجی کیمپ 39 ویں روز بھی جاری

ملازمین کو بے روزگار کر کے ان کو نان شیئر کا محتاج بنانے کی شدید مذمت

حکومت اپنی کرپشن کو چھپانے اور عیاشیوں کے لیے سب کچھ کر رہی ہے، حاجی اشرف

کوئٹہ (ایاز ایس ایم) پاکستان پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کا احتجاجی کیمپ 39 ویں روز بھی جاری، وفاقی حکومت کی جانب خلاف کی تحقیق بنوش خاندہ ملازم کیلئے پاکستان کے تمام ادارے بند کر کے ان کو بے روزگار کر کے ان کو نان شیئر کا محتاج بنانے کا حکومتی فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، حاجی اشرف آر ایس جمہر رفیق لوہری، حاجی اشرف و دیگر کا احتجاجی کیمپ میں ملازمین سے خطاب انتہائی کے مطابق پاکستان پیلک و پرائیویٹ کے فیصلے کے خلاف پاکستان پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کا احتجاجی کیمپ 39 ویں روز میں داخل ہو گیا، ملازمین تنخواہیں کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے، احتجاجی کیمپ میں ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیلک و پرائیویٹ کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے پاکستان پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کے صدر حاجی اشرف آر ایس جمہر رفیق لوہری، حاجی لوہری، حاجی خان و دیگر نے خطاب میں کہا کہ موجودہ حکومت ملازم پالیسیوں پر اتر آئی ہے کہ ملک کے فیصل آباد و عوامی احتجاج کو کچلنے کے لیے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

بجلی قیمتوں میں ٹیکسز مہنگائی بدامنی میں کمی کیلئے مہم شروع، عوام بھرپور سیاسی حق تحریک کی عوام سے اپیل

بلوچستان کے سیلاب زلزلہ سمیت ہر آفت میں بھرپور مدد وخدمت کی قیمتوں کی کفالت ، بیواؤں معذوروں طلباء اور نوجوانوں کی مدد کرکے ان کو معاشرے کے ذمہ دار وشہری فرد بنائیں گے

نوجوانوں کو تعلیم وہنر مند بنانے کی جدوجہد کر رہے ہیں عوام جماعت اسلامی کا ممبر بنکر بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ظلم وجبر کے خلاف جماعت اسلامی کو قوت فراہم کریں ،مولانا ہدایت الرحمان

بلوچستان کے مظلوم مجبور عوام بے روزگاری، مہنگائی بدامنی وسائل خزانوں سے بھرا رکھا ہوا ہے مگر اس پر بدعنوانی عروج پر ہے بلوچستان کے ذہین ہونہار نوجوان بے روزگار پڑھے لکھے ڈگریاں لئے ہوئے پارٹیوں کو بھرنے کیلئے ہمارے ساتھ چل رہے ہیں ہم بلوچستان کو ایک نیا بلوچستان بنائیں گے ہم بلوچستان کو ہر آفت میں بھرپور مدد وخدمت کی قیمتوں کی کفالت ، بیواؤں معذوروں طلباء اور نوجوانوں کو جماعت اسلامی کا پیغام موقعہ دیا گیا جماعت اسلامی کے آئین کو بھرپور طریقے سے نافذ کرنے کے لئے کوشاں ہیں ہم بلوچستان کو مدینہ کی ریاست بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں ہم بلوچستان کو ہر طرح سے خوشحال

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر۔ پیٹرو بلاشیو کا مران ممتاز نے ایم ای ایم (ریاضیات) لمبٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-40 بلاک 10 سائٹ ایریا، کورنگی روڈ کراچی سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر پیٹرو بلاشیو ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2829164-2821538-2835934-2830228 فیکس نمبر:۔ mashriqqta2008@gmail.com ای میل

اتوار 29 ستمبر 2024ء

اقوام متحدہ میں وزیر اعظم کا خطاب، ملک اور امہ کی امنگوں کا آئینہ دار.....!!

وزیر اعظم شہباز شریف نیویارک کا دورہ مکمل کر چکے ہیں ان کا یہ دورہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے سلسلے میں تھا جس سے وہ تقریباً نو دن اپنے تفصیلی دورے میں عالمی امن و سلامتی کو درپیش چیلنجز اور دیگر مسائل پر کھل کر اظہار خیال کیا اور بعد ازاں پاکستان کا عین مطابق حقیقت موقف غیاز اندازاز میں اقوام عالم کے سامنے پیش کیا یہ ملک انہوں نے پوری امت کی امنگوں اور امیدوں کے عین مطابق اتنا بھرپور جامع اور مدلل انداز میں امت مسلمہ کا یہی موقف دنیا بھر میں اجاگر کیا ہے اور نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں وزیر اعظم شہباز شریف کی تحسین وستائش کی جا رہی ہے ان کے خطاب کا تفصیلی جائزہ لینے سے قبل اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے دورہ نیویارک کے موقع پر عالمی رہنماؤں، سربراہان مملکت، عالمی اداروں کے سربراہان اور وفود سے بھی ملاقاتیں کیں جو اقوام تحسین وستائش ہے وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اجلاس کے ایجنڈے پر رکھے گئے تمام امور کا پورا پورا احاطہ کیا۔ اپنے خطاب میں حکومت کے معاشی اقدامات پر اظہار خیال کیا قومی، معاشرتی اور عالمی امور کا اچھی طرح احاطہ کرتے ہوئے انہوں نے مدلل انداز میں پاکستان کا موقف دنیا کے سامنے رکھا وزیر اعظم نے کشمیر اور فلسطین کے تنازعات پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے غزہ کی المناک صورتحال، افغانستان، یوکرین کی جنگ سمیت دیگر عالمی مسائل کو اجاگر کیا عالمی امن و سلامتی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی اور عالمی امن کو درپیش خطرات سے عالمی برادری کو موثر انداز میں آگاہ کیا۔ وزیر اعظم نے دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی، اسلاموفوبیا کے عالمی مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے عالمی برادری کی اجتماعی کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا اپنے خطاب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے عالمی برادری کو خبردار کیا کہ متعصبانہ جنوں و تعصیر اور فتنہ و غارت خطرات سے عالمی برادری کو موثر انداز میں آگاہ کیا۔ وزیر اعظم نے دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی، اسلاموفوبیا کے عالمی مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے عالمی برادری کی اجتماعی کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا اپنے خطاب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے عالمی برادری کو خبردار کیا کہ متعصبانہ جنوں و تعصیر اور فتنہ و غارت خطرات سے عالمی برادری کو موثر انداز میں آگاہ کیا۔ وزیر اعظم نے دہشت گردی، دیا، اس سے پورے مشرق وسطیٰ کو ایک ایسی جنگ میں گھسیٹنے کا خطرہ ہے جس کے نتائج تباہ کن اور ناقابل تصور ہو سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ فلسطین کے عوام کی طرح، جموں و کشمیر کے عوام بھی ایک صدی سے اپنی آزادی اور حق خود ارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے بھارتی مزاحم کا بھی پردہ فاش کیا اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم و درندگی سے دنیا کو آگاہ کیا وزیر اعظم نے کہا کہ امن کی طرف بڑھنے کے بجائے، بھارت جموں و کشمیر پر ساختی کونسل کی قرارادوں پر عملدرآمد کرنے کے اپنے عہد سے پیچھے ہٹ گیا ہے۔ پرقرارادیں جموں و کشمیر کے لوگوں کو ان کے بنیادی حق خود ارادیت کو استعمال کے قابل بنانے کے لیے رائے شماری کا تکم دیتی ہیں انہوں نے پانچ اگست دو ہزار انیس کے ناجائز اقدام پر بھی بھارتی اقدام کی بھی مذمت کرنا اور کہا کہ لوگ اب بھارتی فوجی دن رات مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو یرغمالی اقدامات کے ساتھ دہشت زدہ کر رہے ہیں جن میں طویل کرفیو، مارا رے عدالت قتل اور ہزاروں کشمیری نوجوانوں کا اغوا شامل ہیں ایک تو آبادیاتی منصوبے کے طور پر بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیری زمینوں اور املاک پر قبضہ کر رہا ہے اور وہاں باہر کے لوگوں کو بسا رہا ہے، ان کا ناپاک منصوبہ ہے کہ مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کر دیا جائے۔ یہ پرانا حربہ تمام نابض طاقتوں نے اپنایا لیکن یہ ہمیشہ ناکام رہا ہے۔ جموں و کشمیر میں بھی یہ ناکام ہوگا۔ پاکستان بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خلاف کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا۔ اس طرح شہید کشمیری عوام کی آزادی کا مقصد پورا ہوگا۔ وزیر اعظم نے ان تمام چیلنجز، مسائل اور خطروں کا ذکر کیا جن کا اس وقت دنیا کو سامنا ہے کشمیر کا یہ خطاب ہر لحاظ سے جامع، مدلل اور عین حقائق پر مبنی ہے جس پر بھارت چیخ اٹھا ہے وہ اسرائیل گریمن حقیقت یہی ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی دنیا کو حقائق سے آگہی دی وزیر اعظم کے خطاب کو ہر طرف سے سراہا جا رہا ہے اور عالمی امور پر گہری نگاہ رکھنے والے ماہرین ہو، سیاستدان، صحرین وصحافی یا فکر عالمی حلقے بھی یہ اعتراف کرتے ہیں کہ وزیر اعظم نے احسن انداز میں پاکستان کا بھی موقف پیش کیا اور امت مسلمہ کی بھی اچھی طرح ترجمانی کی اس امر میں کسی قسم کے شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے عالمی ادارے اور اس کے رکن ممالک کو تنازعہ کشمیر وفلسطین کے حوالے سے ان کے وعدے اور قرارداد یں بھی یاد دلائیں اور عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ نے کی احسن اور قابل ستائش کوشش کی اب دیکھنا یہ ہوگا کہ متعوضہ کشمیر اور فلسطین میں جاری مظالم پر عالمی ضمیر کب جاگتا ہے کب عالمی برادری اس کو یقینی بنانے اور کرہ ارض کو درپیش چھوٹے بڑے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے عملی اور مثبت وتعمیری کردار ادا کرتی ہے عالمی برادری اور بالخصوص اقوام متحدہ اور اس کے تمام ادارے اور قوتمام رکن ممالک کا یہ فرض ہے کہ وہ کشمیر واسرائیل کے ہاتھوں وہ فلسطین اور کشمیری مسلمانوں کا قتل عام رکوائے اور عالمی امن کو یقینی بنائے نیز دنیا کو درپیش چھوٹے بڑے مسائل اور چیلنجز کے پیش نظر اپنی ذمہ داریوں کی بجا آوری کو یقینی بنائے۔

اسرائیل دہشت گرد کردار

اسرائیل انسانیت سوز جنگی جرائم میں اس حد تک پہنچ چکا ہے کہ اب اسے اپنے اقتدار کی بقا کے لئے بندی سے متعلق تجاویز اور مشوروں کو ماننے سے انکار کر دیا ہے اور غزہ کے بعد جنوبی لبنان پر فوج کشی کی تیاری کر رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں پیش آنے والے حالیہ واقعات نے عالمی جنگ کو بھڑکانے کے تمام اسباب مہیا کر دیئے ہیں اور اب تو اس بات کا اظہار کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے کہ اسرائیل کے مواصلاتی آلات میں اگر پیجز، ایران پارس فیلڈ طور پر پھٹنے پھاڑ کر تباہی کا سبب بنے تو اس پر مغربی دنیا کا رویہ کیا ہوگا اور اسرائیل کو اس پر کیا ہوگا کہ اسرائیل کی پشت پناہی کرنے والے صدمے کا اظہار کرنے کے بجائے غزہ کے بعد اب جنوبی لبنان پر فوج کشی کی تیاری کر رہا ہے۔ اسرائیل کی طرف سے کئے گئے اقدامات کو دہشت گردی قرار دیا جائے تو اس کے ساتھ ساتھ اسرائیل کو بھی دہشت گرد ریاست کا اعلان کرنے کے بجائے جرائم پیشہ ریاست ہی کہا جائے تو بہتر ہوگا

علمی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

اشتہار کا مواد اپنے ذمہ داری پر شائع کیا جاتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کے مواد کے بارے میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اشتہار کے مواد کے بارے میں کوئی اعتراض ہو تو ادارہ کو مطلع کریں۔ ادارہ اشتہار کو ایڈٹ کرنے کا حق رکھتا ہے۔ ادارہ کسی بھی اشتہار کو بغیر وجہ بتائے مسترد کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ اشتہار کی تاریخ سے 3 دن میں کیا جائے گا۔ اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ ادارہ کا صوابدیدی اختیار ہوگ

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیمپئنز ٹرافی کیلئے نیا کی ٹیم آرہی ہیں، انتظامات خوب ہونے چاہئیں، محسن نقوی

بڑی ٹیمیں آرہی ہیں محسن نقوی کی چیئرمین پی سی بی کو انتباہ

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے آئی سی سی چیئرمین نرنجن گوتم کے لیے ضروری سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ پی سی بی کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ آئی سی سی چیئرمین نرنجن گوتم کے دورے کے دوران ان کی کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے لیے ضروری سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہ

نتیجہ 1

وزیراعظم عمران خان آج آکسوس، بحرالکاہل اور کیریبین کی 3 ریاستوں کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم کے ہمراہ وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری، وزیر مملکت برائے بین الاقوامی تجارت عبدالرزاق داؤد

آئینی ترمیم فضل الرحمن کے بغیر پاس ہو سکتی ہے مگر مولانا کو چھوڑنا مناسب نہیں، رانا ثناء اللہ

کہیں نہیں لکھا پارلیمنٹ بھی سپریم کورٹ کے تابع ہے، 19ویں ترمیم کو اڑانا عدالت عظمیٰ کے اختیار میں نہیں تھا، مشیر وزیراعظم

ادارے حدود میں رہیں تو بحران نہیں بنتا، آئینی ترمیم میں آئینی عدالت اور ججز کی تقرری پر سب کا اتفاق ہے، نجی ٹی وی کو انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء نے کہا ہے آئینی ترمیم فضل الرحمن کے دونوں کے بغیر پاس ہو سکتی ہے مگر چھوڑنا مناسب نہیں، آئینی ترمیم پر بات نہیں ہوئی تو اعتراضات حق تھا، صدر، وزیراعظم مولانا کے پاس گئے تو سمجھے معاملات فائنل ہو گئے وہ 10 میں سے 4 چیزوں پر مانتے ہیں تو 6 چھوڑنی چاہئیں، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے مشیر وزیراعظم ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سابق اسپیکر میر جان محمد جمالی، بی این پی (عوامی) کے سربراہ نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری، نوابزادہ ظفر اللہ زہری، اپوزیشن لیڈر میر محمد یونس زہری سے ملاقات کر رہے ہیں

جان محمد جمالی کی اسرار اللہ زہری، ظفر اللہ زہری محمد یونس زہری سے ملاقات

سیاسی رہنماؤں کا ملکی و بالخصوص بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق اسپیکر بلوچستان سینئر سیاستدان میر جان محمد جمالی کی بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سربراہ نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری اور ثمینت کے مرکزی رہنماء نوابزادہ ظفر اللہ زہری بلوچستان اسمبلی کے رکن اپوزیشن لیڈر میر محمد یونس زہری سے ملاقات کی میں نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری اور نوابزادہ ظفر اللہ زہری کی والدہ ماجدہ کی حال پرسی کی اور دعا کی کہ رب العزت جلد صحتیابی عطا فرمائے آمین دریں اثناء سیاسی رہنماؤں کا ملکی ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی بلوچستان میں مقبول جماعت بن کر ابھری ہے، مولانا آغا محمود

پارٹی کارکن اپنے علاقوں میں پارٹی کو فعال بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں

کوئٹہ (اے پی پی) جمعیت علماء اسلام کے نومنتخب جنرل سیکرٹری جمعیت علماء اسلام بلوچستان سابق رکن قومی اسمبلی مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ پارٹی کی ثبت اور عوام دوست پالیسیوں کی وجہ سے جے یو آئی بلوچستان میں ایک مقبول جماعت بن کر ابھری ہے پارٹی کارکنان پر فرض ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں پارٹی کو فعال بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے پارٹی جنرل کونسل کے ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کی سیکرٹری جنرل ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ اور سینیٹر سعید احسن مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

وزیرستان میں ہیلی کاپٹر حادثہ انتہائی افسوسناک ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان

انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرا دکھ ہوا، قیمتی جانوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا' سرفراز بگٹی

غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں ہیلی کاپٹر حادثے کے نتیجے میں جاں بحق افراد کے لئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرا دکھ ہوا انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

کوئٹہ سے گزشتہ رات اغوا ہونے والا نوجوان سبی سے بازیاب

کوئٹہ (یو این اے) پولیس نے کوئٹہ سے گزشتہ رات اغوا ہونے والے نوجوان کو سبی کے قریب سے بازیاب کروا لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ نے کہا ہے کہ اغوا کار سہیل خان کاکڑ کو سبی میں ہوٹل کے قریب چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ سہیل خان کاکڑ کو گاڑی سمیت کوئٹہ کے علاقے چشمہ چوڑی سے اغوا کیا گیا ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بی این پی کا آغا خالد شاہ کی ٹارگٹ کلنگ کیخلاف 3 روزہ سوگ کا اعلان، اختر مینگل کا اظہار افسوس

پارٹی پرچم سرنگوں رہے گا، شہید کی نماز جنازہ صبح کلی جیو سعادت میں ادا کی جائے گی، مرحوم کا مشن جاری رہے گا

آغا خالد شاہ دلسوز کی قربانیوں، جدوجہد، ثابت قدمی پارٹی کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں، سردار اختر جان مینگل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی مرکزی بیان میں کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر آغا خالد شاہ دلسوز کی گھر کر سامنے ٹارگٹ کلنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فوری طور پر شہید کے قاتلوں کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے شہید آغا خالد شاہ دلسوز پارٹی کے دیرینہ ساتھی تھے جو پارٹی کے ساتھ دہائیوں سے وابستہ رہے طویل جہد، ثابت قدمی مستقل مزاجی کے ساتھ ساتھ پارٹی ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ادارہ ثقافت و سیاحت کے زیر اہتمام وزیراعلیٰ کے مشیر نوابزادہ زرین مگسی، صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی، نصر اللہ ذیرے و دیگر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر پشین انتظامیہ نے 40 بند اسکول فعال کر دیئے

ترجمان بلوچستان حکومت

یہ اسکول اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث بند تھے، 40 کنٹریکٹ اساتذہ کا تقرر کر کے اسکول فعال کر دیئے گئے ہیں

90 عادی غیر حاضر اساتذہ کو شوکاز نوٹس جاری، تسلی بخش جواب نہ دینے پر ملازمت سے برطرفی کی کارروائی ہوگی، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ پشین نے 40 بند اسکول فعال کر دیئے ہیں یہ اسکول اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث بند تھے ایس سی ایچ ڈی کے تعاون سے 40 کنٹریکٹ اساتذہ کا تقرر کر کے اسکول فعال کر دیئے گئے ہیں جہاں درس و تدریس کا عمل شروع ہو چکا ہے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے جاری ایک اعلامیہ ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام عوامی مسائل اور خواتین کے کردار سے متعلق منعقدہ ایک روزہ ورکشاپ سے صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، رکن اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی ملاقات مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

نواب ثناء اللہ زہری سے سردار نصیر احمد موسیانی، آغا موسیٰ جان احمد زئی کی ملاقات

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنماء سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے رہنماء سردار نصیر احمد موسیانی، آغا موسیٰ جان احمد زئی اور پیپلز پارٹی کے رہنماء ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں نامعلوم افراد مقامی اخبار کے فوٹو گرافر کی موٹر سائیکل لے اڑے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں نامعلوم افراد مقامی اخبار کے فوٹو گرافر کی موٹر سائیکل لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے ملتانی محلہ میں مقامی اخبار (انتخاب) کے فوٹو گرافر اے کیون نے اپنی موٹر سائیکل نمبر بی این 1521 گھر کے باہر لاک کے کھڑی کی جسے نامعلوم چور لے اڑے جس کی اطلاع گولمنڈی پولیس تھانہ کو ..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

آج معلومات تک رسائی کا دن ہم اپنے آئینی حق سے بھی محروم ہیں' ایڈ بلوچستان

ہمارا ادارہ پچھلے سات سالوں سے رائٹ ٹو انفارمیشن کیلئے جدوجہد کر رہی ہے' عادل جہانگیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایڈ بلوچستان عادل جہانگیر، میر بہرام لہڑی، میر بہرام بلوچ، سابق جنرل سیکرٹری بلوچستان یونین آف جرنلسٹ منظور بلوچ نے کہا ہے کہ آج دنیا معلومات تک رسائی کا دن منا رہی ہے ہم 21 ویں صدی میں بنیادی اور آئینی حق سے محروم ہیں رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان کے قانون کو تین سال ہوئے ہیں، مگر اس پر عمل درآمد نہ ہو سکا۔ رائٹ ٹو انفارمیشن کے کمشنرز کی انٹرویوز کو دو مہینے سے زیادہ ہو گیا ..... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں بدامنی کی صورتحال کا تمام مکاتب فکر کو سامنا ہے' نیشنل پارٹی

آغا خالد شاہ کے قتل کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے' رکن اسمبلی رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے کارکن قوم دوست وطن دوست عوامی خدمتگار آغا خالد شاہ کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قوم کی خدمت کرنے والے لوگوں اور انسانی خدمت کے جذبے سے سرشار پارٹی ورکر، انسان دوست کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی کی خراب صورتحال ..... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پر حکومت ریاستی اداروں کیخلاف تخریبی مہم چلانے والوں کے گرد گھیرا تنگ

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت جے آئی ٹی کا اجلاس، پی ٹی آئی کے جبران الیاس طلب

جبران الیاس کا پاکستان سے باہر بیٹھ کر ملک کے اندرونی و بیرونی عناصر کیساتھ ملکر منفی و تخریبی مہم کا اہم کردار ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا پر حکومت اور ریاستی اداروں کے خلاف منظم اور تخریبی پروپیگنڈہ مہم چلانے والوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا، ذرائع کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) کا اجلاس ہوا، جے آئی ٹی نے اب تک 8 افراد کو شامل تفتیش کیا، اگلے اجلاس میں پی ٹی آئی کے جبران الیاس کو طلب کر لیا گیا، جبران الیاس کا ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بی این پی (عوامی) کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی میر اسد بلوچ میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے کان کن جاں بحق

مچھ (آئی این پی) بلوچستان کے علاقے مچھ میں واقع مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے کان کن جاں بحق ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز مچھ میں بی ایم سی کول مائنز ایریا میں مٹی کا تودہ گرنے سے کان کن محمد سدیس ولد محمد ابراہیم جاں بحق ہو گیا ہے

میر اسرار اللہ خان زہری سے ندا مینگل و دیگر کی کراچی میں ملاقات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری سے بی این پی عوامی خواتین ونگ کے آرگنائزر ندا مینگل اور ڈپٹی آرگنائزر کی کراچی ساتھ سٹی پاسنگل میں ملاقات اور میر اسرار اللہ خان زہری سے ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کے حکمران اور مقتدر قوتیں عقل سلیم سے کام لیں، مختار خان یوسفزئی

امن کے قیام کے لئے جاری کوششوں کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے سے گریز کریں

مینگورہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ ملک کے حکمران اور مقتدر قوتیں عقل سلیم سے کام لے اور پشتون افغان ملت کے اس پرعزم احتجاج سے سبق حاصل کریں اور شعوری مصنوعی دہشت گردی کی پالیسی جاری رکھنے سے دستبردار ہو جائے۔ اور ہمارے غیور ملت کی پرامن سیاسی جمہوری جدوجہد اور امن ..... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

حسن نصر اللہ نے عظیم مقصد کیلئے جان قربان کر دی، برسر اقتدار ٹولہ اپنا چیف جسٹس لا کر مرضی کے فیصلے چاہتا ہے، حافظ نعیم الرحمن

پاکستان میں بحران پیدا کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، آئینی ترمیم کی حمایت کرنے والے اپنے ہی چہرے پر کالک ملیں گے

لبنان، غزہ پر حملوں سے ثابت ہو گیا اقوام متحدہ عملاً ناکارہ ادارہ، مسلم حکمرانوں کو سوچنا ہوگا کہاں اور کس کیساتھ کھڑے ہیں؟

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے برسر اقتدار ٹولہ مرضی کا چیف جسٹس لا کر مرضی کے فیصلے لینے کا خواہش مند ہے، جسٹس منصور علی شاہ کی بطور چیف جسٹس تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، قاضی فائز عیسیٰ کی بطور چیف جسٹس تعیناتی کا نوٹیفکیشن 3 ماہ پہلے ہی جاری ہو گیا تھا، عوام آئین و قانون کے مطابق بطور چیف جسٹس منصور علی شاہ کی تقرری چاہتے ہیں، امیر ..... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی ضلع نورالائی تحفظ ختم نبوت ریلی کی قیادت صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مفتی شفیع الدین، حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر کر رہے ہیں

پنجاب میں الیکشن ٹریبونلز کیس کا فیصلہ کل سنایا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں پنجاب میں الیکشن ٹریبونلز کیس کا فیصلہ 30 ستمبر کو سنایا جائے گا، سپریم کورٹ نے منگل کو سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا، واضح رہے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بنچ نے الیکشن کمیشن کی اپیل پر سماعت کی تھی۔

پاکستان میں رواں برس پولیو کا 24 واں کیس حیدرآباد سے رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آگیا، رواں برس رپورٹ کیسز کی تعداد 24 تک جا پہنچی، رپورٹ کے مطابق انسداد پولیو کیلئے قائم نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) کی ترجمان عائشہ رضا فاروقی نے بتایا پولیو کیس سندھ کے ضلع حیدرآباد سے رپورٹ ہوا، لیبارٹری کے مطابق متاثرہ بچے کی عمر 29 ماہ ہے، سندھ میں ..... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم سکول میں پرائیویٹائزیشن اور کنٹریکٹ پالیسی معاشی قتل، جی ٹی اے

اس قسم کی پالیسیاں پیپلز پارٹی کے اپنے منشور سے انحراف کے مترادف ہیں، بیان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی دفتر سے جاری، ایک بیان میں محکمہ تعلیم سکول بلوچستان میں پرائیویٹائزیشن اور کنٹریکٹ پالیسی کو اداروں کا معاشی قتل قرار دے کر ہدف تنقید بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ اس قسم کی پالیسیاں پیپلز پارٹی کے اپنے منشور سے انحراف کے مترادف ہیں بیان میں اس امر پر اظہار برہمی کیا گیا کہ حکومت گڈ گورننس اور مثبت معاشی پالیسیوں کے نفاذ کے بجائے ملازمین کے معاشی قتل کے درپے ..... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اسلامی نظام انسانیت کو امن اور سالمیت کی ضمانت دیتا ہے جمعیت نظریاتی

خاتم النبیین ﷺ نے ظلم و جہالت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی دنیا میں اسلام کے پیغام امن سے انقلاب برپا کیا

مسلم امہ کو درپیش بدامنی کے چیلنجز کا واحد حل اسلامی نظام کے نفاذ سے ممکن ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع نورالائی تحفظ ختم نبوت ریلی کی قیادت صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری قاری عبیداللہ حقانی مولانا مفتی عبدالرحمن اخونزادہ مولانا جمعہ خان مولانا شفیع اللہ آغا میں مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے چوک پر ریلی کی شرکا سے خطاب کرتے ..... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند آج کوئٹہ میں اہم پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند آج کوئٹہ میں اہم پریس کانفرنس کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند آج رند قلات کوئٹہ میں صبح 11 بجے اہم پریس کانفرنس کریں گے۔

باجوڑ، پولیس موبائل پر بم حملے میں 5 اہلکار زخمی، ایس ایچ او محفوظ

ریموٹ کنٹرول بم درخت میں نصب تھا، علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

باجوڑ (بیورو رپورٹ) پولیس موبائل پر بم حملے میں 5 اہل کار زخمی ہو گئے، تفصیلات کے مطابق باجوڑ کے علاقے لوئی سم میں پولیس موبائل پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملہ کیا گیا، زد میں آ کر 5 پولیس اہل کار زخمی ہو گئے، ریموٹ کنٹرول بم درخت میں نصب تھا، زخمی ہونیوالے پولیس اہل کاروں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار باجوڑ میں منتقل کر دیا گیا، ..... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز جوگیزئی رہنماؤں و کارکنوں سے بات چیت کر رہے ہیں

غیر ملکی طاقت درست فیصلے اور رہبری سے پشتون ملت اپنے مسائل حل کر سکتی ہے، پشتونخوا میپ

پارٹی رکن سہیل خان بازئی کے اغواء کے خلاف عوامی احتجاج کے نتیجے میں بازیابی انتہائی اہم ایک اہم قدم ہے

رہنماؤں اور وہاں موجود ہزاروں لوگوں کو دھونس دھمکی عوامی احتجاج سے دستبردار کرانا چاہا، رہنماؤں نے ناکام بنا دیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں ملیلی مہترزئی کے پارٹی رکن سہیل خان بازئی کے اغواء کے خلاف اولسی پاسون (عوامی احتجاج) کے نتیجے میں بازیابی کو ایک اہم قدم قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عوامی طاقت اور بروقت صحیح فیصلہ اور رہبری کرنے سے غیور پشتون افغان ملت اپنے بہت سارے مسائل اور مشکلات حل کر سکتے ہیں اس سلسلے میں جب 26 ستمبر کو سرشام چشمہ سے ..... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت نے انتظامی افسروں کو بطور ایگزیکٹو مجسٹریٹ مقدمات کے فیصلوں سے روک دیا

کوڈ آف کریمنل پروسیجر میں ترمیم کر کے صوبائی حکومتوں کا ایگزیکٹو مجسٹریٹس تعینات کرنے کا اختیار واپس لیا گیا

آئینی شقوں کیخلاف جوڈیشل اختیارات کا استعمال غیر آئینی، قانون کی نظر میں کوئی حیثیت نہیں، جسٹس ارباب طاہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اسلام آباد ایڈمنسٹریشن کے ماتحت انتظامی افسروں کو بطور ایگزیکٹو مجسٹریٹ مقدمات کے فیصلوں سے روک دیا، جسٹس ارباب طاہر نے ایگزیکٹو کے جوڈیشل اختیارات استعمال کرنے کے خلاف کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا اسلام آباد میں صرف عدالتیں ہی جوڈیشل اختیارات استعمال کر سکتی ہیں، جوڈیشل اختیارات کا استعمال ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام عوامی مسائل اور خواتین کے کردار سے متعلق منعقدہ کے اختتام پر صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، رکن اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ و دیگر کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بارکھان شہر سمیت گردونواح میں موسلا دھار بارش

بارکھا (یو این اے) بارکھان: بارکھان کے شہر سمیت گردونواح میں موسلا دھار بارش ہلکی ہلکی ژالہ باری کا سلسلہ جاری ہے پہاڑی علاقوں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری نظام زندگی درہم برہم کھتی شہر سمیت گردونواح میں بادل جم کے برسے تھے ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نامعلوم مسلح افراد گوادر سے دو لیویز اہلکاروں سمیت 5 افراد کو ساتھ لے گئے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر سے نامعلوم مسلح افراد نے دو لیویز اہلکاروں سمیت 5 افراد کو اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئے اس سلسلے میں آمدہ اطلاعات کے مطابق 27 ستمبر بدھ کی رات کو نامعلوم مسلح افراد گوادر سٹی کے اندر ٹیوٹان سیمانچ افراد کو حراست میں لیکر اٹھا کر لے گئے، لاپتہ کیے گئے افراد میں ..... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ناصر خان یوسفزئی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سریاب تعینات

نجیب اللہ خان ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی تعینات' عدالت عالیہ کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق ٹرانسفر پوسٹنگ کمیٹی کی سفارش پر محترم چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان نے دو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججوں کے خدمت اور مفاد عامہ کے پیش نظر اگلے احکامات تک فوری طور پر تبادلے اور تعیناتی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں ناصر خان یوسفزئی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لورالائی کا تبادلہ کر کے ..... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمنٹ کو قانون سازادارہ ہی رہنے دیں اسے کاروبار کا ذریعہ نہ بنایا جائے، اسد بلوچ

وزیراعلیٰ کی جانب سے مقتدر قوتوں کے کہنے پر میرے علاقے کی تعمیر و ترقی کے 7 ارب روپے فنڈز روک دیئے گئے

2 لاکھ 75 ہزار لوگوں کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی روکنا برداشت نہیں، عوام کی مشاورت سے ہر فورم پر آواز اٹھاؤں گا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ و رکن بلوچستان اسمبلی راجی راہشون میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے مقتدر قوتوں کے کہنے پر میرے علاقے کے 2 لاکھ 75 ہزار لوگوں کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی کے لئے مختص کئے گئے 7 ارب روپے کے فنڈز روک کر میرے علاقے کے 140 کلومیٹر طویل اور 60 کلومیٹر چوڑائی پر محیط آبادی کو محروم رکھنے کی مذمت کرتا ہوں ..... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی مشیر شمیم الرحمن ملاخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

خاران نوجوان اغواء پولیس کے چھاپے

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران قاسم چوک سے نامعلوم مسلح افراد نے موگ بھلی بھیجنے والے نوجوان عبدالرؤف ولد عبدالغفار ساکن افغانستان حال خاران کو اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے اغواء اطلاع ملتے ہی خاران پولیس نے بازیابی کیلئے چھاپے ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر محمد یوسف لوانی زہری آہوں و سسکیوں کے ساتھ آبائی قبرستان سرآب میں سپرد خاک

خضدار (بیورو رپورٹ) تحصیل زہری سرآب کے معروف معالج ڈاکٹر محمد یوسف لوانی زہری آہوں سسکیوں کے ساتھ آبائی قبرستان سرآب میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم 27 ستمبر بروز جمعہ دھزیری کے مقام پر کار حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے تھے جنہیں فوری طور پر ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر ..... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں، 9 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 1 مسروقہ موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن، منشیات برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے اشتہاری مفرور چوری، ڈکیتی میں ملوث منشیات فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، موبائل اور موٹر سائیکل چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 1 مسروقہ موٹر سائیکل، 2 موبائل فون، اسلحہ ایمونیشن اور منشیات برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر کارروائی ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پشتون عوام نجشین بھلار قومی تحریک منظم بنائیں، پشتونخوا میپ

پارٹی میں آئین و منشور کے مطابق نظم و ضبط برقرار اور سیاسی تنظیمی سرگرمیوں کو دوبالا کیا جائیگا' عبدالقہار وردان

خان شہید نے پشتونوں کا مقدمہ بہت پہلے رکھا یہ قومی سوال آج بھی حل طلب ہے' قلعہ سیف اللہ کا جلسہ سنگ میل ثابت ہوگا' سید شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان وردان اور سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ شہداء جمہوریت اور شہداء وطن کی برسیوں کی مناسبت سے 7 اکتوبر کے جلسے کی بھرپور تیاری اور عوام کی شرکت یقینی بنانے کیلئے کارکن شب و روز محنت کرے، پارٹی اپنی تمام شہداء، کوان کی قربانیوں پر خراج عقیدت پیش کرتی ہے، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی ..... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کا ماسٹر فساد، خون خرابہ اور ملک میں لاشیں چاہتا ہے' مریم اورنگزیب

ہدایت ملنے پر خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ ہر ہفتے اسلام آباد، پنجاب میں لشکر کشی، فساد کرتا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے 9 مئی کا ماسٹر فساد، خون خرابہ اور ملک میں لاشیں چاہتا ہے، عمران خان کے حکم پر ایک صوبے کی پولیس اور لشکر لے کر پنجاب پہ چڑھائی کا ہر ہفتے خطرناک کھیل کھیلا جاتا ہے، جس کی اجازت نہیں دیں گے، احتجاج نہیں دہشت گردی کہا جاتا ہے، 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ کی ہدایت پر ..... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، جہلم، اٹک میں دفعہ 144 نافذ کرنے کا اقدام چیلنج

لاہور (بیورو رپورٹ) راولپنڈی، جہلم اور اٹک سمیت پنجاب میں دفعہ 144 نافذ کرنے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا، متفرق درخواست ملک تجی اللہ کی جانب سے دائر کی گئی، موقف اختیار ..... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جامعہ مسجد و مدرسہ عمر بن الخطاب میں سالانہ جلسہ و دستار بندی کے موقع پر مفتی شکیل احمد، مولانا حسین معاویہ، قاری وحید و دیگر علماء، کرام حفاظ کرام کی دستار بندی کر رہے ہیں

کوئٹہ میں سرعام جوئے کے اڈے چلنے لگے پولیس انتظامی